http://www.sgbauonline.com

**AS-642**

# B.Com. (Part—I) Examination
## URDU (Languages)
## (Compulsory)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 70

سوال نمبر ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی تین سوالات کے جوابات لکھئے۔ 15

۱۔ تاریخ کا مطالعہ کرتے وقت ہمیں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہئے؟

۲۔ فن تاریخ نویسی کی مختلف منزلیں بیان کیجئے۔

۳۔ تہذیب کا ارتقاء کیسے ہوا؟

۴۔ شروع سے لے کر حضرت عیسیٰ کی پیدائش تک کی تہذیب کا جائزہ لیجئے۔

۵۔ کمپیوٹر کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۶۔ کمپیوٹر میں ایسی کون سے خوبیاں ہیں جس کی وجہ سے اسے سائنس کا کرشمہ کہا گیا ہے؟

سوال نمبر ۲۔ ذیل کے سوالات میں سے کسی تین کے جوابات لکھئے۔ 15

۱۔ اردو زبان کے ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

۲۔ قومی یکجہتی کے فروغ میں اصناف اردو کا رول بیان کیجئے۔

۳۔ آزاد ہندوستان میں قومی یکجہتی کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑا اور اردو زبان و شاعری نے اس کو کس طرح حل کیا؟

۴۔ ''سلونو'' کا تہوار کب آتا ہے اور اسے قلعہ میں کس طرح منایا جاتا تھا؟

۵۔ مصنف نے ۱۸۵۷ء سے پہلے کی دلّی کا نقشہ کس طرح کھینچا ہے؟

۶۔ سبق ''سلونو'' کے ذریعے مصنف نے کن سچائیوں کو پیش کیا ہے؟



http://www.sgbauonline.com

http://www.sgbauonline.com

سوال نمبر ۳۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی تین کے جوابات لکھئے۔ 15

۱۔ دستاویزی فلمیں کن موضوعات پر بنائی جاتی ہیں؟

۲۔ ذرائع ابلاغ حکومت اور عوام کے درمیان کس طرح رابطہ قائم رکھتے ہیں؟

۳۔ اخبار ترسیل ابلاغ کا اہم ترین ذریعہ ہے، واضح کیجئے۔

۴۔ ذرائع ابلاغ کے فروغ میں جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

۵۔ دورِ حاضر میں ٹیلی ویژن ابلاغ کا بہترین ذریعہ ہے، وضاحت کیجئے۔

۶۔ دورِ قدیم سے آج تک ذرائع ابلاغ کی اہمیت کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر ۴۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جوابات لکھئے۔ 10

۱۔ زبان کی ایجاد سے پہلے ترسیل وابلاغ کا عمل کس طرح جاری تھا؟

۲۔ اشتہارات ہمارے اندازِ فکر پر کس طرح اثر ڈالتے ہیں؟ بتایئے۔

۳۔ انٹرنیٹ تعلیمی میدان میں کس طرح مددگار ثابت ہوتا ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

۴۔ تحریری ذرائع ابلاغ میں کتاب کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

۵۔ انٹرنیٹ کے غلط استعمال سے سماج میں پھیلتی برائیوں پر روشنی ڈالئے۔

۶۔ ٹیلی ویژن کے ذریعے سماجی زندگی پر پڑنے والے منفی اثرات کی نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر ۵۔ صرف دو کے جواب مطلوب ہیں۔ 15

۱۔ اپنے کالج میں ہوئی ''گیدرنگ'' کی روداد اپنے دوست کو تحریر کیجئے۔

۲۔ آلودگی سے کس طرح بچا جا سکتا ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار سماج کے سامنے رکھئے۔

۳۔ بار بار بجلی گُل ہو جانے سے پڑھائی پر پڑنے والے اثرات سے الیکٹرک بورڈ کے انجینئر کو متوجہ کرایئے اور شکایت نامہ پیش کیجئے۔

۴۔ اپنے شہر کے پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھ کر خطوط موصول ہونے میں ہونے والی تاخیر کو بتلایئے۔



http://www.sgbauonline.com